www.dailymumtaz.com | mumtazisb9@gmail.com | ABC CERTIFIED | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
dailymumtazofficial | @Dailymumtaz1

THE DAILY MUMTAZ ISLAMABAD

روزنامہ ممتاز اسلام آباد

رجسٹرڈ نمبر NRP-002

بانی: عبداللہ بٹ

صفحات 6 قیمت 15 روپے

جلد 04 | جمعۃ المبارک، 19 جون 2026، 3 محرم الحرام 1448ھ، 6 ہاڑ 2082 ب | نمبر 347

# عورت فاؤنڈیشن کا ایران امریکہ معاہدے کا خیر مقدم

## دنیا اور امن پسند انسانیت کو اس لمحے کا شدت سے انتظار تھا، ایگزیکٹو کونسل

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) عورت فاؤنڈیشن ایران اور امریکہ کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کا پرتپاک خیر مقدم کرتی ہے اور اسے علاقائی اور عالمی امن کی جانب ایک عظیم پیش رفت قرار دیتی ہے۔ عورت فاؤنڈیشن کی ایگزیکٹو کونسل کے اجلاس کے بعد جاری کردہ ایک پریس بیان میں کہا گیا کہ تاریخ کے اس اہم لمحے کا پوری دنیا اور امن پسند انسانیت کو شدت سے انتظار تھا۔ اس امید کی تعبیر نے ثابت کر دیا ہے کہ عالمی طاقت کے ڈھانچے اور عوامی سطح پر اب بھی عقل و دانش کی بالادستی قائم ہے، اور اگر انسان متحد ہو جائیں تو دنیا کو ممکنہ خطرات سے محفوظ بنایا جا سکتا ہے۔ عورت فاؤنڈیشن کا موقف ہے کہ تباہ کن جنگ کے دوران ایران کے عوام، جن میں اسکول جانے والی بچیاں، شیر خوار بچے اور ملک کی اعلیٰ ترین قیادت شامل ہیں، نے ایسی بے مثال قربانیاں دی ہیں جن کی مثال مشرقِ وسطیٰ کی گزشتہ ایک ہزار سالہ تاریخ میں مشکل سے ملتی ہے۔ بیان میں کہا گیا: ہم ایرانی عوام کی استقامت، ثابت قدمی اور عظیم قربانیوں کو عقیدت و احترام کے ساتھ سلام پیش کرتے ہیں۔ عورت فاؤنڈیشن اس بات پر پختہ یقین رکھتی ہے کہ پائیدار امن صرف مکالمے، سفارت کاری، باہمی احترام اور بین الاقوامی انسانی حقوق کے اصولوں کی پاسداری کے ذریعے ہی حاصل کیا جا سکتا ہے۔